نیوز ریلیز

گرمیوں کے منصوبے کیلئے کُھلنے کا مرحلہ 2 مورخہ 10 جون سے شروع ہوتا ہے

09 جون، 2021ء

البرٹا محفوظ طریقے سے معمول پر واپس آنے کی طرف ایک بڑا قدم اٹھائے گا، کیونکہ فٹنس سینٹرز، لائیبریریاں اور مووی تھیٹرز دوبارہ کھل رہے ہیں اور بڑے بیرونی اجتماعات دوبارہ شروع ہو رہے ہیں۔

10جون سے، اوپن فار سمر پلان کے مرحلہ 2 پر عملدرآمد ہوگا، 12 سال اور اس سے زائد عمر کے 60 فیصد البرٹنز کے کم ازکم ایک ٹیکہ لگوانے کے بعد اور کووِڈ-19 کے ہسپتال میں 500 سے کافی کم اور ابھی بھی کم ہوتے ہوئے داخلوں کے ساتھ۔

حکومتی اہلکار صوبے میں ہسپتالوں میں داخلوں کی تعداد، اور کووِڈ-19 کی منتقلی پر گہری نظر رکھتے ہوئے البرٹا کے ویکسین رول آؤٹ کی پیشرفت پر نگرانی جاری رکھیں گے۔

اوپن فار سمر پلان کے مرحلہ 2 میں، 10 جون سے پابندیاں کم ہوگئیں

- جسمانی فاصلے کے ساتھ بیرونی معاشرتی اجتماعات میں 20 افراد تک اضافہ ہو رہا ہے۔
- اندرونی اور بیرونی شادی کی تقریبات 20 تک شرکت کرنے والوں کے ساتھ ہوسکتی ہیں۔ بیرونی استقبال کی اجازت ہے۔
- اندرونی اور بیرونی تجہیز و تکفین کی خدمات میں کوئی تبدیلی نہیں ہے جس میں 20 لوگوں تک کی اجازت ہے۔ بیرونی استقبال کی اجازت ہے۔
- ریستورانوں میں، اندر یا باہر میزوں کے اردگرد چھ افراد تک کرسیوں پر بیٹھ سکتے ہیں۔
  - کھانے کی پارٹیاں اب صرف گھر والوں تک ہی محدود نہیں ہیں۔
  - جسمانی فاصلہ اور دیگر پابندیاں اب بھی لاگو ہیں۔
- خوردہ فروشی کی گنجائش فائر کوڈ آکیوپینسی کا ایک تہائی تک بڑھتی ہے۔
- عبادت گاہوں کی گنجائش فائر کوڈ آکیوپینسی کے ایک تہائی تک بڑھتی ہے۔
- جِمز اور دیگر اندرونی فٹنس سہولیات سولو اور ڈراپ ان سرگرمیوں کیلئے حصہ لینے والوں اور فٹنس کلاسوں کے درمیان تین میٹر جسمانی فاصلے کے ساتھ دوبارہ شروع ہو سکتی ہیں۔
- اندرونی ترتیبات فائر کوڈ آکیوپینسی کے ایک تہائی کے ساتھ کھل سکتی ہیں، جس میں اندرونی تفریحی مراکز شامل ہیں۔ اس میں اکھاڑے، سنیما گھر، تھیٹر، عجائب گھر، آرٹ گیلریاں اور لائیبریریاں شامل ہیں۔
- انڈور اور آؤٹ ڈور نوجوان اور بالغوں کے کھیلوں کا دوبارہ آغاز۔
- نوجوانوں کی سرگرمیاں، جیسے کہ ڈے کیمپس، راتوں کے کیمپس اور کھیلوں کے مراکز دوبارہ شروع ہوسکتے ہیں۔
- ذاتی اور تندرستی کی واک ان خدمات دوبارہ شروع ہو سکتی ہیں۔
- پوسٹ سیکنڈری ادارے ذاتی طور پر حاضر ہو کر سیکھنے کو دوبارہ شروع کرسکتے ہیں۔
- گھر سے کام کرنے کا حکم اٹھایا جاتا ہے لیکن پھر بھی اس کی سفارش کی جاتی ہے۔
- آؤٹ ڈور فکسڈ بیٹھنے کی سہولیات (جیسے کہ، گرینڈ اسٹینڈز) ایک تہائی بیٹھنے کی گنجائش کے ساتھ کھل سکتی ہیں۔
- بیرونی عوامی اجتماعات میں 150 افراد تک بڑھ گئے ہیں (جیسے کہ محافل موسیقی/ تہوار)۔

انڈور ماسک پہننے اور جسمانی فاصلے کی ضروریات پورے مرحلے 2 میں اپنی جگہ پر موجود ہیں۔ کچھ پابندیاں ہر مرحلے میں سرگرمیوں پر لاگو رہتی ہیں۔

توقع کی جاتی ہے کہ مرحلہ 3 جون کے آخریا جولائی کے شروع میں شروع ہوگا۔ اس کا انحصار تمام البرٹنز پر ہوتا ہے کہ وہ حفاظتی ٹیکے لگواتے رہیں اور پبلک ہیلتھ کے اقدامات پر عمل کرتے رہیں۔

البرٹنز صوبے کے حفاظتی ٹیکوں کے عمل کی پراگرس alberta.ca پر دیکھ سکتے ہیں۔

البرٹا کی حکومت خط منحنی کو موڑنے کیلئے، چھوٹے کاروباروں کو برقرار رکھنے اور البرٹا کے صحت کی نگہداشت کے نظام کی حفاظت کیلئے درست اقدامات کے ذریعے زندگیوں اور ذرائع معاش کا تحفظ کرتے ہوئے کووِڈ-19 وبائی مرض کا جواب دے رہی ہے۔

متعلقہ معلومات

- البرٹا سمر پلان کیلئے کھلا ہوا ہے
- البرٹنز کیلئے کووِڈ-19 کی معلومات

میڈیا انکوائریز

جیریکا گڈوِن(Jerrica Goodwin)

587-988-3278

پریس سیکریٹری، آفس آف دی پریمیئر

ٹام میکملن (Tom McMillan)

780-422-4905

اسسٹینٹ ڈائریکٹر آف کمیونیکیشنز، ہیلتھ

مزید ترجمہ شدہ حکومتی وسائل کیلئے، براہِ کرم ملاحظہ کریں: *https://www.alberta.ca/covid-19-translated-resources.aspx*